Sociology - FA Part 1 Sociology Urdu Medium Chapter 4 Short Questions Test

Q1. سماجی تفاعل کی اقسام کو مختصرا بیان کریں-

Ans 1: 1- جسمانی تفاعل 2- علامتی تفاعل

Q2. سماجی تفاعل کے تین بنیادی عناصر کون سے ہیں-

Ans 1: 1- دو یا دو سے زیادہ افراد یا فریقین کا موجود ہونا. 2- ان میں کسی واقعہ یا عمل کا ہونا- 3- واقعہ یا عمل سے اندرونی یا بیرونی کیفیت کا متاثر ہونا.

Q3. ابتدائی گروہ کی کوئی دو خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: 1.گروہ کے ارکان کی تعداد تھوڑی ہوتی ہےعام طور پر چھوٹا گروہ ہوتا ہے. 2.تفاعل زیادہ اور لمبےعرصے پر محیط ہوتا ہے.

Q4. جسمانی تفاعل سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جسمانی تفاعل سے مراد تفاعل کے لیے علامات یا زبان کا استعمال نہیں کرتے بلکہ اپنے جسمانی حرکات سکنات سے ایک دوسرے کی جسمانی یا دماغی و ذہنی حالت کو متاثر کرتے ہیں جیسے افراد کے مابین فٹ بال ہاکی کے میچ وغیرہ.

Q5. معاشرتی تفاعل کے لوازمات تحریر کریں.

Ans 1: 1.فریقین کا موجود ہونا 2.ان میں سے کسی واقعہ یا عمل کا قائم ہونا 3.واقعہ یا عمل سے فریقین کی اندرونی یا بیرونی کیفیت کا متاثر ہونا.

Q6. کسی بھی عمرانی مفکر کی سماجی تفاعل کی تعریف بیان کریں-

Ans 1: 1- سماجی تفاعل سے مراد ایک ایسا عمل یا واقعہ ہے جس میں ایک فریق دوسرے کے بیرونی افعال یا دماغی حالت کو متاثر کرے- 2- ایسا فعل یا واقعہ جو باہمی تعلق میں مصروف دو یا دو سے زیادہ افراد کو متاثر کرتا ہے سماجی تفاعل کہلاتا ہے.

Q7. علامتی تفاعل سے کیا مرادہے؟

Ans 1: آپس میں بات چیت کے ذریعے تفاعل کو علامتی تفاعل کہتے ہیں.

Q8. معاشرتی تفاعل کی دو مثالیں لکھیں.

Ans 1: ماں بچے کو دودھ پلاتی ہے تو ماں اور بچے کے درمیان تفاعل ہوا.استاد شاگرد کو پڑھاتا ہے ،ڈاکڑ مریض کو دیکھتا ہے،ایسئ صورتیں بھی سماجی تفاعل کہلاتی ہیں.

Q9. پنجابی ثقافت کے خواص بیان کریں.

Ans 1: 1.زیادہ تر لوگ زراعت کے پیشے سے وابستہ ہیں. 2.خواتین میں ملازمت و تعلیم مقبول ہے اور عورتوں کی تعلیم کی شرح زیادہ ہے.

Q10. معاشرتی عمل کی تعریف کریں.

Ans 1: ایک یا چند افراد کسی ایسے کام کو سر انجام دیں جس کا تعلق معاشرے کے افراد سے ہو معاشرتی فعل یعنی عمل کہلاتا ہے.